# (نوٹس نیلام عام)

عوام الناس کی آگاہی کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ والٹن کینٹ بورڈ میں موجود مختلف برانچز میں ناکارہ سامان انفورسمنٹ برانچ، الیکٹرک برانچ، ورکشاپ برانچ، واٹر سپلائی برانچ، سیوریج برانچ، بی اینڈ آر برانچ اور گارڈن برانچ کا استعمال شدہ پرانا سامان جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام عام درج ذیل شرائط وضوابط کی بنیاد پر کنٹونمنٹ بورڈ والٹن کینٹ، آر۔اے بازار لاہور کے دفتر میں مورخہ 16-06-25 کو بوقت 11:00am بجے منعقد ہوگا۔ بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلام عام مورخہ 17-06-25 ہوگا اور پھر بھی بولی کامیاب نہ ہوئی تو سہ بار نیلام عام مورخہ 18-06-25 کو ہوگا۔ اس بارے میں کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔ (متعلقہ برانچز کے سامان کی لسٹ دفتر اوقات میں سٹور برانچ سے لے جا سکتے ہیں)

## شرائط و ضوابط:

1- تمام بولی دہندگان کو نیلام میں شرکت کے لیے زر بیعانہ مبلغ دو لاکھ روپے (Rs. 200,000/-) بذریعہ کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر جمع کروانا ہوگا۔ کسی فرد کو مبلغ دو لاکھ روپے (Rs. 200,000/-) بذریعہ کال ڈیپازٹ جمع کروائے بغیر نیلام عام میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

2- تمام شرکاء کو نیلامی شروع ہونے سے قبل اپنے مصدقہ شناختی کی کاپی جمع کروانی ہوگی۔ اگر کوئی شخص کسی اور شخص کی جگہ بولی میں حصہ لے گا تو وہ اس کی طرف سے دیا گیا مصدقہ اتھارٹی لیٹر یا مختار نامہ تصدیق شدہ بولی شروع ہونے سے پہلے پیش کرے گا۔

3- کامیاب بولی دہندہ (جس کی بولی کینٹ بورڈ والٹن منظور کرے) کو اپنی دی گئی بولی کا 25% فیصد بولی ختم ہونے پر جمع کروانا ہوگا، اگر وہ بولی کی آدھی رقم جمع کروانے میں ناکام رہا تو زر بیعانہ بحق کینٹ بورڈ فنڈ ضبط کر لیا جائے۔ اور دوبارہ نیلامی کامیاب بولی دہندہ کے خرچہ پر کی جائے گی۔

4- کامیاب بولی دہندہ کُل بولی کا انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ (رائج الوقت قوانین کے مطابق)

5- سامان/فرنیچر آئٹمز کامیاب بولی دہندہ کو پوری رقم، بمعہ انکم ٹیکس کی ادائیگی اور کینٹ بورڈ والٹن لاہور کی منظوری کے بعد حوالے کی جائیں گی۔

6- کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بولی کو بمطابق PPRA Rules مسترد کر دیں۔

7- سامان/فرنیچر دفتری اوقات میں کسی بھی وقت دفتر ہذا میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

8- دیگر شرائط وضوابط والٹن کنٹونمنٹ بورڈ لاہور کے دفتر سے دورانِ اوقات معلوم کی جا سکتی ہیں۔

9- نیلامی بمطابق PPRA Rules عمل میں لائی جائے گی۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، والٹن کینٹ بورڈ لاہور